حصہ "ب" (مختصر سوالات)

سوال نمبر 2: اسلام کے کیا معنی ہیں؟

سوال نمبر 3: فتح مکہ سے پہلے کافر مسلمانوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا کرتے تھے؟

سوال نمبر 4: ہم اپنے گھر سے کیوں محبت کرتے ہیں؟

سوال نمبر 5: ڈاکٹر صاحب کے آنے سے گاؤں والوں کی سوچ میں کیا تبدیلی پیدا ہوئی؟

سوال نمبر 6: شہادت کے وقت شہید ملت کی زبان پر آخری الفاظ کیا تھے؟

سوال نمبر 7: دنیا میں امن قائم کرنے کے لیے کیا ضروری ہے؟

سوال نمبر 8: جو لوگ ہمت ہار جاتے ہیں ان کا کیا حال ہوتا ہے؟

سوال نمبر 9: حضرت فاطمہ الزہرا علیہ السلام کے گھر کا کیا حال تھا؟

سوال نمبر 10: مندرجہ ذیل الفاظ کے واحد جمع لکھیے۔ تکلیف۔ اصحاف۔ فرض۔ فوائد

سوال نمبر 11: مندرجہ ذیل اسموں کے مذکر یا مونث لکھیے۔ شیر۔ چڑیا۔ مالی۔ چچا

سوال نمبر 12: مندرجہ ذیل اسم مفعول کے اسم فاعل لکھیے۔ معبود۔ محمود۔ مکتوب۔ مرقوم

حصہ "ج" (تفصیلی سوالات)

سوال نمبر 14: مندرجہ ذیل جز کی تشریح بحوالہ کیجیے۔

پہلے درجے کے ڈبے سے جو شخص نکلا تکلف یا توقف کے بغیر سیدھا لوگوں کے دلوں میں اتر گیا۔ روشن بیضوع چہرہ، چمکدار آنکھیں اور گونجدار آواز کم آمیز، خاموشی میں باوقار اور گفتگو میں بارعب۔

سوال نمبر 15: مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجیے۔

(الف) نہیں ہے چیز کوئی زمانے میں کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں

(ب) پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس صدیق کے لیے ہے خدا کا رسول ﷺ بس

سوال نمبر 16: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے:

فضول رسمیں ہم سب ایک ہیں

سوال نمبر 17: زلزلے کی تباہکاریاں یا کمپیوٹر کی اہمیت پر دس جملے لکھیے۔

سوال نمبر 18: نظم آمد بہار کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(یا) اپنے دوست کو ایک خط لکھیے جس میں انہیں امتحان میں نقل کرنے کے نقصانات سے آگاہ کیجیے